

| | |
|---|---|
| 19 رمضان المبارک | |
| افطار | 6:34 |
| 20 رمضان المبارک | |
| ختم سحری | 5:36 |
| افطار | 6:35 |

58 Years

بانی صوفی غلام محمد

# سرینگر ٹائمز




**ٹی 20 ورلڈ کپ، ہندوستان تیسری بار چمپیئن**

سنجو سیمسن 86، ایشان کشن 54، اور ابھیشیک شرما 52 کی دھواں دھار بیٹنگ کے بعد جسپریت بمراہ 4 وکٹیں اور اکشر پٹیل 3 وکٹیں کی تباہ کن بولنگ کی بدولت ٹی 20 ٹائٹل ہندوستان کے نام۔


www.srinagartimes.net | قیمت 5 روپے | DAILY SRINAGAR TIMES | R.N.I: 17647/69 • Vol: 58 • No. 68 | صفحات : 08 | ۹ مارچ ۲۰۲۶ بروز سوموار بمطابق ۱۹ رمضان ۱۴۴۷ | Monday 09th March 2026 | جلد نمبر 58


# جموں و کشمیر کی بے شمار باصلاحیت خواتین کی کارکردگیاں نمایاں/LG

## عالمی یوم خواتین کے موقع پر میں جموں و کشمیر کی اپنی تمام بہنوں کو مبارکباد اور نیک تمنائیں پیش کرتا ہوں



جموں/ یو این آئی/ جموں و کشمیر کے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے عالمی یوم خواتین کے موقع پر خواتین کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ خواتین کو با اختیار بنانا ترقی اور غربت کے خاتمے کے لئے مضبوط ترین محرک ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج ہماری خواتین انتھک محنت کے ساتھ معاشرے کو زیادہ منصفانہ اور مساوی نظام کی طرف لے جانے کے لئے کام کر رہی ہیں۔ منوج سنہا نے اپنے پیغام میں کہا: 'عالمی یوم خواتین کے موقع پر میں جموں و کشمیر کی اپنی تمام بہنوں کو مبارکباد اور نیک تمنائیں پیش کرتا ہوں جو یونین ٹریٹری اور اپنے عظیم ملک کے مستقبل کی تشکیل کے لئے اپنے عزم اور غیر متزلزل حوصلے کے ساتھ آگے بڑھ رہی ہیں'۔ انہوں نے کہا: 'مجھے یقین ہے کہ یہ موقع انہیں ملک کی ترقی کے سفر میں ایک اہم شراکت دار کے طور پر آگے بڑھنے کی ترغیب دے گا'۔ ان کا کہنا ہے کہ خواتین کو با اختیار بنانا ترقی اور غربت کے خاتمے کے لئے مضبوط ترین محرک ہے اور آج ہماری خواتین انتھک محنت کے ساتھ معاشرے کو زیادہ منصفانہ اور مساوی نظام کی طرف لے جانے کے لئے کام کر رہی ہیں۔ لیفٹیننٹ گورنر نے کہا کہ جموں و کشمیر کی بے شمار باصلاحیت خواتین اپنے اپنے شعبوں میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کر رہی ہیں اور ہر ایک پر امن اور خوشحال جموں و کشمیر کی تعمیر میں اپنا رول ادا کرنے کے لئے تیار ہے۔ انہوں نے کہا کہ عالمی یوم خواتین ہمیں یہ موقع فراہم کرتا ہے کہ ہم خواتین کے حقوق کے تحفظ، انصاف کی فراہمی، ان کی سلامتی کو یقینی بنانے اور ان کی فلاح کو فروغ دینے کے اپنے عزم کی تجدید کریں۔ منوج سنہا نے خواتین کو مساوی مواقع فراہم کرنے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ ہمیں ایک ایسا معاشرہ تشکیل دینا چاہئے جس میں خواتین کو مساوی مواقع حاصل ہوں اور وہ اپنی حقیقی صلاحیتوں کے ساتھ آگے بڑھ کر ترقی اور خوشحالی حاصل کر سکیں۔

## سکولوں سے یونیورسٹیوں تک

### آج سے کلاس روم کھل جائیں گے

سرینگر/ جموں و کشمیر حکومت نے آج سے پورے کشمیر میں تمام تعلیمی ادارے سرمائی تعطیلات کے بعد دوبارہ کھولنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس سلسلے میں تمام تیاری مکمل کی گئی ہیں۔ وزیر تعلیم سکینہ ایتو نے اتوار کو کہا ہے کہ تمام تعلیمی اداروں میں باضابط طور 9 مارچ سے درس و تدریس کا عمل شروع ہوگا۔ وزیر تعلیم سکینہ ایتو نے کہا کہ یہ فیصلہ زمینی صورتحال کا جائزہ لینے کے بعد کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا، "صورتحال کا جائزہ لینے کے/1




# بھارت کی ترقی میں ناری شکتی کے کردار کو فراموش نہیں کیا جا سکتا/مودی

## خواتین کو با اختیار بنانا حکومت کی متعدد اسکیموں اور اقدامات کا بنیادی حصہ ہے

سرینگر/ ملک کی ترقی میں خواتین کے رول کو اہمیت کا حامل قرار دیتے ہوئے وزیر اعظم نے ملک بھر کی خواتین کو عالمی دن کے موقعہ پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ آج خواتین ہر شعبے میں عظم تخلیق کی صلاحیت اور غیر معمولی جذبے کے ساتھ بھارت کی ترقی میں اہم کردار کر رہی ہے۔ اے پی آئی نیوز کے مطابق خواتین کے عالمی دن کے موقعہ پر وزیر اعظم نریندر مودی نے ملک کی خواتین کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ ترقی میں ناری شکتی کے کردار کو فراموش نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ خواتین کی کامیابی قوم کیلئے باعث فخر ہے۔ وزیر اعظم نے خواتین کی قیادت میں ترقی کے حکومتی عزم کو اُجاگر کرتے ہوئے کہا کہ خواتین کو با اختیار بنانا حکومت کی متعدد اسکیموں اور اقدامات کا بنیادی حصہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت اس بات کیلئے پُرعزم ہے کہ ہر خاتون کو اپنی مکمل صلاحیتوں کو بروئے کار لانے اور ملک کی ترقی کے سفر میں حصہ لینے کے برابر مواقع فراہم کئے جائیں۔ وزیر اعظم نے کہا کہ بھارت کی ناری شکتی کی کامیابی قوم کیلئے فخر کا باعث ہے اور یہ اس بات کی یاد دلاتی ہے کہ خواتین قوم کی تعمیر میں ایک اہم اور تبدیلی لانے والا کردار ادا کرتی ہیں۔ وزیر اعظم نے اپنی سماجی رابطہ سائٹ ایکس پر سلسلہ وار پیغامات میں کہا کہ عالمی یوم خواتین کے موقعہ پر وہ ملک کی تمام ناری شکتی کو مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہر میدان میں خواتین بھارت کی ترقی کو نئی سمت دے رہی ہیں اور ان کی کامیابی قوم کیلئے تحریک کا باعث ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ گزشتہ ایک دہائی کے دوران مختلف حکومتی اقدامات کے ذریعے نچلی سطح پر خواتین کی زندگیوں میں نمایاں تبدیلی آئی ہیں اور ان کی ترقی کیلئے کئی منصوبے کامیابی سے نافذ کئے گئے ہیں۔




# جموں و کشمیر میں 6 برسوں میں انقلابی تبدیلیاں لائیں/ لیفٹیننٹ گورنر

## سدھرا جموں میں اینٹی کورپشن بیورو کے ہیڈ کواٹر اور اونتی پورہ میں ACB کے برانچ کا افتتاح

جموں/ لیفٹیننٹ گورنر منوج سِنہا نے اتوار کے روز اینٹی کورپشن بیورو (اے سی بی) پر زور دیا کہ وہ اِس بات کو یقینی بنائیں کہ ہر فیصلہ، ہر تفتیش اور ہر مقدمہ عدالتوں کی جانچ پر پورا اُترے۔ اُنہوں نے کہا کہ بیورو کو آئین ہند کی جانب سے دی گئی طاقت کو بروئے کار لا کر ناانصافی کو بے نقاب کرنا، رشوت ستانی کا مکمل طور پر خاتمہ کرنا اور عوام کا اعتماد حاصل کرنا چاہیے۔ اُنہوں نے کہا کہ جموں و کشمیر اَب معمولی کارکردگی یا عام معیار پر قناعت نہیں کرتا بلکہ بڑے خواب دیکھنے کی جرات رکھتا ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ عوام میں یہ مضبوط یقین پیدا ہو چکا ہے کہ ایک روشن مستقبل ان کا منتظر ہے اور اس خواب کی تعبیر میں اینٹی کورپشن بیورو کے افسران اور عملے کی بھی اہم ذمہ داری ہے۔ لیفٹیننٹ گورنر سدھرا جموں میں اینٹی کورپشن بیورو کے ہیڈ کوارٹر کی عمارت اور اونتی پورہ میں اے سی بی اے پی کے ایس برانچ کے اِفتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ اُنہوں نے اِس بات پر زور دیا کہ آج افتتاح کی گئی دو عمارتیں محض سٹیل، شیشہ اور کنکریٹ کے/2




# خواتین کے تحفظ اور وقار کو یقینی بنانا ہمارا مشن ہے/عمر عبداللہ

## انہیں زندگی کے تمام شعبوں میں یکساں مواقع فراہم کرنے کے عزم کا اظہار



سرینگر/ جموں و کشمیر کے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے اتوار کو کہا کہ ان کی حکومت خواتین کو با اختیار بنانے، ان کے تحفظ اور وقار کو یقینی بنانے اور انہیں زندگی کے تمام شعبوں میں یکساں مواقع فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ عبداللہ نے خواتین کے عالمی دن پر خواتین کو مبارکباد دی، اور معاشرے میں ان کی طاقت، لچک اور شراکت کی تعریف کی۔ کشمیر نیوز سروس (کے این ایس) کے مطابق، "وزیر اعلیٰ کے دفتر نے X پر ایک پوسٹ میں کہا "خواتین کے عالمی دن کے موقع پر، وزیر اعلیٰ نے خواتین کو ان کی طاقت، لچک اور خاندانوں، برادریوں اور معاشرے کی تشکیل میں انمول شراکت کے لیے اپنی پرتپاک مبارکباد اور دلی تعریف کا اظہار کیا ہپوسٹ میں کہا گیا کہ چیف منسٹر نے ان کی بااختیاریت، تحفظ، وقار اور زندگی کے تمام شعبوں میں مساوی مواقع کو یقینی بنانے کے لیے حکومت کے غیر متزلزل عزم کا اعادہ کیا۔ اس دوران جموں و کشمیر پولیس نے بھی ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں اس موقع پر خواتین کو مبارکباد دی۔ واضح رہے 8 مارچ کو ہر سال انٹرنیشنل ومنز ڈے کے طور پر منایا جاتا ہے اس حوالے سے ملک کے ساتھ ساتھ جموں و کشمیر میں بھی/3

# کنگن میں ایک مزدور "چنار" سے گر کر زمین پر دم توڑ گیا

## شوپیان میں پیدل چلتے ہوئے ایک شخص روڈ ایکسیڈنٹ کا شکار

سرینگر/ ایس این این/ جنوبی ضلع شوپیان کے میمندر علاقے میں گاڑی کی ٹکر سے معمر شہری جاں بحق ہوگیا۔ ادھر رام گڑھ کے کھیتوں سے نامعلوم مرد کی لاش برآمد ہونے کے بعد پولیس نے تحقیقات شروع کردی۔ سٹار نیوز نیٹ ورک کے مطابق جنوبی ضلع شوپیان کے میمندر علاقے میں پٹرول پمپ کے قریب گاڑی کی زد میں آ کر معمر شہری کی موت ہوگئی۔ حکام نے بتایا کہ شہری کی شناخت 68 سالہ عبدالغنی بٹ ولد علی محمد بٹ ساکنہ شہلاٹو شوپیان کے بطور ہوئی ہے۔ حکام نے بتایا کہ گاڑی سڑک کے کنارے پیدل چلنے والے کو ٹکرا گئی جس کے نتیجے میں وہ موقع پر ہی ہلاک ہوگیا۔ بعد ازاں لاش کو قانونی کارروائی کیلئے ضلع اسپتال/7

# ہندستان نے نیوزی لینڈ کو شکست دے کر T20 ورلڈ کپ کا فائنل جیت لیا

## ہوم گراؤنڈ پر انڈیا نے 96 رنز کے بڑے مارجن سے کامیابی سمیٹی



سرینگر/ ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ 2026 کے فائنل مقابلے میں انڈیا نے نیوزی لینڈ کو 96 رنز سے شکست دے کر ٹرافی اپنے نام کرلی ہے۔ اس سے پہلے کھیل کے آغاز پر میزبان ملک انڈیا نے نیوزی لینڈ کو جیت کے لیے 256 رنز کا ہدف دیا تھا تاہم نیوزی لینڈ کی پوری ٹیم 159 رنز پر ڈھیر ہوگئی اور یوں ہوم گراؤنڈ پر انڈیا نے 96 رنز کے بڑے مارجن سے کامیابی سمیٹی۔ احمد آباد کے نریندر مودی سٹیڈیم میں کھیلے گئے فائنل میچ میں نیوزی لینڈ نے ٹاس جیت کر فیلڈنگ کا فیصلہ کیا تھا اور انڈیا کو پہلے بیٹنگ کی دعوت دی۔/8

# با اختیار خواتین ترقی پسند قوم کی مضبوط ستون ہوا کرتی ہیں/صدر مرمو

## ہر خاتون کو ترقی کرنے اور باعزت زندگی گزارنے کا موقعہ دیا جائے



سرینگر// خواتین کو عالمی دن کے موقعہ پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے صدر ہند نے کہا کہ تعلیم یافتہ اور با اختیار خواتین ایک ترقی پسند قوم کی مضبوط ستون ہوا کرتی ہیں۔ اے پی آئی نیوز کے مطابق صدر ہند دروپدی مرمو نے اپنی سماجی رابطہ سائٹ پر خواتین کے عالمی دن کے موقعہ پر اپنے پیغام میں کہا کہ جب خواتین مختلف شعبوں میں کامیابی حاصل کرتی ہیں اور ہمت و قیادت کے ساتھ آگے بڑھتی ہیں تو ایک زیادہ جامعہ اور خوشحال معاشرے کی بنیاد مضبوط ہوتی ہے۔ انہوں نے اس موقعہ پر اس عزم کا اعادہ کیا کہ ایسا معاشرہ تشکیل دیا جائے جہاں پر خاتون کو ترقی کرنے، باعزت زندگی گزارنے اور آزادی و تحفظ کے ساتھ آگے بڑھنے کے مساوی مواقعے حاصل ہوں۔ انہوں نے کہا کہ سب کو مل کر ایسا ماحول پیدا کرنا چاہیے جہاں خواتین کی امنگیں اور صلاحیتیں پوری طرح فروغ پا سکیں۔

# غیر متوقع گرمی کے زور کا اگلے ہفتے ٹوٹ جانے کا امکان

## 10 مارچ کو وادی کے کئی علاقوں میں درمیانی درجے کی بارش ہوسکتی ہے

سرینگر/ وادی کشمیر اور جموں خطے میں آئندہ ایک ہفتے کے دوران موسم میں بتدریج تبدیلی آنے کی توقع ہے۔ تازہ موسمی پیش گوئی کے مطابق مختلف دنوں میں کہیں کہیں بارش اور بلند پہاڑی علاقوں میں ہلکی برفباری کے امکانات ظاہر کیے گئے ہیں، تاہم کسی بڑے یا شدید موسمی سلسلے کی پیش گوئی نہیں کی گئی ہے۔ ماہر موسمیات فیضان عارف کینگ نے یو این آئی کو بتایا کہ مارچ 9 کو موسم میں قدرے تبدیلی دیکھنے کو مل سکتی ہے۔ اس روز آسمان جزوی طور پر ابر آلود رہنے کی توقع ہے جبکہ دن کے دوسرے حصے میں چند مقامات پر ہلکی بارش ہوسکتی ہے۔ خاص طور پر گاندربل، بانڈی پورہ، کپواڑہ اور بارہمولہ کے بالائی علاقوں میں بارش کے امکانات نسبتاً زیادہ بتائے گئے ہیں۔ دوسری جانب جموں خطے کے بیشتر علاقوں میں موسم زیادہ تر خشک رہنے کی امید ہے۔ موسمی پیش گوئی کے مطابق 10 مارچ کو وادی کشمیر کے کئی علاقوں میں ہلکی سے درمیانی درجے کی بارش ہوسکتی ہے۔ شمالی کشمیر کے اضلاع میں اس دن بارش کے امکانات/5

# 31 مارچ تک ایمنسٹی اسکیم کے تحت بقایا بجلی فیس ادا کرنے کی مہلت

## بصورت دیگر کنکشن منقطع کرنے میں کوئی عار محسوس نہیں کیا جائے گا/ حکام

سرینگر/ پاور ڈیولپمنٹ کارپوریشن نے وادی کشمیر کے ان صارفین کو 31 مارچ تک ایمنسٹی اسکیم کے تحت بقایا بجلی فیس ادا کرنے کی تلقین کرتے ہوئے کہا کہ 31 مارچ تک س اسکیم کا فائدہ اٹھا کر اپنا سرچارج رقم معاف کرنا اور بجلی فیس ادا کرنے کے لئے اقدامات اٹھائیں بصورت دیگر کنکشن بعد میں منقطع کرنے میں کوئی عار محسوس نہیں کیا جائیگا۔ اے پی آئی نیوز کے مطابق پاور ڈیولپمنٹ کارپوریشن نے جموں و کشمیر کے ان صارفین کو شروع کی گئی ایمنسٹی اسکیم کے تحت بقایا بجلی فیس ادا کرنے کی تلقین کرتے ہوئے کہا کہ اسکیم کا بھرپور فائدہ اٹھائے۔ اس اسکیم کے تحت صارفین جن کے نام ہزاروں روپے کا بجلی فیس بقایا ہے اور وہ ادا نہیں کر رہے ہیں پاور ڈیولپمنٹ کارپوریشن نے تلقین کی کہ وہ ایمنسٹی اسکیم کا فائدہ اٹھا کر اپنا سرچارج معاف کرا کے بجلی فیس ادا کرنے کے لئے راہ نکالیں تا کہ 31 مارچ کے بعد ان کے بجلی کنکشن منقطع کرنے کی نوبت نہ پڑے۔

# سوشل میڈیا پر اشتعال انگیز ویڈیوز شیئر کرنے کے الزام میں

## چاڈورہ کے ایک شخص کے خلاف مقدمہ درج، تحقیق شروع

سرینگر/ یو این آئی/ بڈگام پولیس نے سوشل میڈیا پر مبینہ طور پر اشتعال انگیز اور غیر مصدقہ ویڈیوز شیئر کرنے کے الزام میں ایک شخص کے خلاف مقدمہ درج کر کے تحقیقات شروع کر دی ہیں۔ پولیس کے مطابق پولیس اسٹیشن چاڈورہ کو اطلاع موصول ہوئی تھی کہ سہیل احمد بٹ ولد نذیر احمد بٹ، ساکن کٹھی پورہ چاڈورہ، نے اپنے انسٹاگرام اکاؤنٹ ''ماسٹر الیکٹریشن'' پر حالیہ مشرق وسطیٰ کی صورتحال سے متعلق ایک احتجاج کے حوالے سے کچھ ویڈیوز اپ لوڈ کی تھیں۔ پولیس کا کہنا ہے کہ مذکورہ ویڈیوز مبینہ طور پر نوجوانوں اور عام لوگوں کو اشتعال دلانے کے مقصد سے شیئر کی گئی تھیں، جس سے علاقے میں امن و امان کی صورتحال متاثر ہونے کا خدشہ پیدا ہو سکتا تھا۔ پولیس کے مطابق اس نوعیت کے مواد کی تشہیر سے غیر ضروری خوف و ہراس پھیلنے کے ساتھ ساتھ عوامی نظم و ضبط میں خلل اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی کو نقصان پہنچنے کا اندیشہ رہتا ہے۔ اس سلسلے میں پولیس اسٹیشن چاڈورہ میں ایف آئی آر نمبر 23/2026 متعلقہ دفعات کے تحت درج کر کے معاملے کی تحقیقات شروع کر دی گئی ہیں۔

# سرکاری فنڈز میں مبینہ خرد برد کے معاملے میں 7 ملزموں کے خلاف چارج شیٹ

## متعلقہ سرکاری اہلکاروں نے ٹھیکیدار کے ساتھ ملی بھگت کرتے ہوئے ایک مجرمانہ سازش کی/ حکام

سرینگر/ یو این آئی/ کرائم برانچ جموں و کشمیر کی اقتصادی جرائم ونگ (ای او ڈبلیو) کشمیر نے سرو اشکشا ابھیان (ایس ایس اے) اسکیم کے تحت منظور شدہ سرکاری فنڈز میں مبینہ خرد برد کے معاملے میں 7 ملزموں کے خلاف ایف آئی آر نمبر 43/2018 میں خصوصی عدالت انسداد بدعنوانی جج بارہمولہ کے سامنے چارج شیٹ داخل کر دی ہے۔ ونگ کے ایک ترجمان نے بتایا کہ ملزمان کے خلاف یہ چارج شیٹ رنبیر پینل کوڈ (آر پی سی) کی دفعات 420 اور 120-بی کے ساتھ جموں و کشمیر انسداد بدعنوانی ایکٹ کی دفعہ 5(2) کے تحت دائر کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ یہ مقدمہ ایک تحریری شکایت کی بنیاد پر درج کیا گیا تھا جس میں الزام لگایا گیا تھا کہ سرو اشکشا ابھیان (ایس ایس بی) اسکیم کے تحت ہمپورہ کرال گنڈ گاؤں میں ایک اسکول عمارت کی تعمیر کے لئے منظور شدہ سرکاری فنڈز میں خرد برد کی گئی ہے۔ اس منصوبے کے تحت اسکول عمارت کے ساتھ باورچی خانہ، بیت الخلا اور ریمپ کی تعمیر بھی منظور کی گئی تھی۔ ان کا کہنا ہے کہ تحقیقات کے دوران یہ بات سامنے آئی کہ گرچہ اس وقت کے زونل ایجوکیشن افسر (زیڈ ای او) لنگیٹ کی جانب سے مختلف چیکس کے ذریعے تقریباً 5 لاکھ 73 ہزار 5 سو 92 روپے جاری کئے گئے تھے، جس میں سے زیادہ تر رقم پرائمری اسکول ہمپورہ کے فرسٹ ٹیچر کے ذریعے منتقل کی گئی تاہم منظور شدہ کام قواعد و ضوابط کے مطابق انجام نہیں دئے گئے۔ بیان میں کہا گیا/6

# جموں میں بین ضلعی منشیات فروش گرفتار

## ہیروئن جیسا مواد برآمد/ پولیس

جموں/ یو این آئی/ منشیات اسمگلنگ کے خلاف جاری مہم میں جموں پولیس نے سدھرا علاقے میں ایک بین ضلعی منشیات فروش کو گرفتار کر کے اس کی تحویل سے ہیروئن جیسا ممنوعہ مواد برآمد کیا ہے۔ ایک پولیس ترجمان نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ پولیس پوسٹ سدھرا کی ایک ٹیم نے ڈینگلیالی روڈ پر ناکے کے دوران ایک مشتبہ سوئفٹ ڈیزائر گاڑی زیر رجسٹریشن نمبر DL3CBC-9123 کو روکا۔ انہوں نے کہا کہ تلاشی کے دوران گاڑی کے ڈرائیور کے قبضے سے 6.37 گرام ہیروئن جیسا ممنوعہ مواد برآمد کیا گیا۔/4

# سپورٹس ٹائمز

## عظیم آسٹریلیائی کپتان ایلیسا ہیلی کا ہندوستان کے خلاف فتح کے ساتھ کیریئر تمام

سڈنی،8مارچ(یواین آئی) آسٹریلیائی خواتین کرکٹ ٹیم کی مایہ ناز کپتان اور مڈل آرڈر بیٹر ایلیسا ہیلی نے انٹرنیشنل کرکٹ سے ریٹائرمنٹ کا باضابطہ اعلان کر دیا ہے۔ ہندوستان کے خلاف ہوم سیریز کے آخری ٹیسٹ میچ میں 10 وکٹوں کی شاندار فتح ان کے شاندار کیریئر کا آخری بین الاقوامی میچ ثابت ہوئی۔ میچ کے اختتام پر جذباتی مناظر دیکھنے کو ملے جب آسٹریلیائی کھلاڑیوں نے اپنی عظیم کپتان کو خراجِ تحسین پیش کرنے کے لیے کندھوں پر اٹھا کر گراؤنڈ سے رخصت کیا۔ ایلیسا ہیلی نے سیریز کے آغاز پر ہی واضح کر دیا تھا کہ ہندوستان کے خلاف یہ آل فارمیٹ سیریز ان کے کیریئر کا آخری معرکہ ہوگی۔ ایلیسا ہیلی



کا شمار

دنیا کی کامیاب

ترین وکٹ کیپر بیٹرز اور کپتانوں میں ہوتا ہے۔ ان کے اعداد و شمار ان کی مہارت کی گواہی دیتے ہیں۔

**ٹیسٹ میچز:**

**10**

**ون ڈے انٹرنیشنل:**

**126**

**ٹی 20 انٹرنیشنل:**

**162**

## جموں و کشمیر رنجی ٹیم کی تاریخی کامیابی پر جتیندر سنگھ کے زیر اہتمام اعزازی تقریب



جموں 8 مارچ(یواین آئی) مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے اتوار کے روز اپنی جموں رہائش گاہ پر جموں و کشمیر رنجی ٹیم کے کھلاڑیوں سے ملاقات کی اور انہیں رنجی ٹرافی میں تاریخی کامیابی پر مبارکباد پیش کی۔ اس موقع پر منعقدہ اعزازی تقریب میں مرکزی وزیر نے ٹیم کے کھلاڑیوں اور کوچنگ اسٹاف کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ جموں و کشمیر کی ٹیم نے اپنی شاندار کھیل اور محنت سے پورے خطے کا نام روشن کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹیم کی یہ کامیابی نوجوان کھلاڑیوں کے لیے ایک بڑی تحریک ہے اور اس سے خطے میں کرکٹ کے فروغ کو مزید تقویت ملے گی۔ ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کھلاڑیوں سے غیر رسمی گفتگو کے دوران ان کے تجربات سنے اور مستقبل کے اہداف کے بارے میں بھی تبادلہ خیال کیا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کھیلوں کے فروغ کے لیے پر عزم ہے اور نوجوانوں کو بہتر سہولیات فراہم کرنے کے لیے مختلف اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ جموں و کشمیر کے نوجوانوں میں بے پناہ صلاحیت موجود ہے اور مناسب مواقع فراہم کیے جائیں تو وہ قومی اور بین الاقوامی نمایاں مقام حاصل کر سکتے ہیں۔ تقریب کھلاڑیوں نے بھی مرکزی وزیر کا شکریہ وہ مستقبل میں بھی اسی جذبے کے نام روشن کرنے کی کوشش جاری

سطح پر

کے دوران

ادا کیا اور یقین دلایا کہ

ساتھ کھیلتے ہوئے خطے کا

رکھیں گے۔

## رانجی ٹرافی جیتنے پر جموں و کشمیر ٹیم کو حکومت کی جانب سے شاندار اعزاز





جموں، 8 مارچ: جموں و کشمیر کرکٹ ٹیم کی جانب سے رانجی ٹرافی 2025–26 جیتنے کی تاریخی کامیابی کے بعد ڈپٹی چیف منسٹر سریندر چودھری اور محکمہ یوتھ سروسز و اسپورٹس کے وزیر ستیش شرما نے جموں کے ایم اے اسٹیڈیم میں منعقدہ ایک تقریب کے دوران ٹیم کے کھلاڑیوں کو اعزاز سے نوازا۔ اس موقع پر ڈپٹی چیف منسٹر نے ٹیم کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ رانجی ٹرافی میں پہلی مرتبہ کامیابی جموں و کشمیر کی کھیلوں کی تاریخ میں ایک اہم سنگ میل ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس کامیابی سے خطے کے نوجوانوں کی صلاحیت ہمت اور عزم کی جھلک ملتی ہے۔

## ہیڈ کوچ ڈینیئل باؤر اور اسپورٹنگ ڈائریکٹر کرسٹیانسن برطرف



برلن،8مارچ(یواین آئی) جرمن فٹ بال کلب وولفسبرگ نے بنڈس لیگا میں ریلیگیشن کے بڑھتے ہوئے خطرے کے پیشِ نظر ہیڈ کوچ ڈینیئل باؤر اور مینیجنگ ڈائریکٹر برائے اسپورٹس پیٹر کرسٹیانسن کو ان کے عہدوں سے برطرف کر دیا ہے۔ جرمن میڈیا کے مطابق، کلب کے سابق کامیاب کوچ ڈیٹر ہیکنگ کی دوبارہ واپسی متوقع ہے۔ ڈینیئل باؤر، جنہوں نے نومبر میں پال سیمونس کی جگہ عبوری طور پر ذمہ داریاں سنبھالی تھیں اور دسمبر میں مستقل کوچ بنے تھے، اتوار کی صبح فارغ کر دیے گئے۔ باؤر کی نگرانی میں وولفسبرگ نے رواں سیزن کے 15 میچوں میں صرف 12 پوائنٹس حاصل کیے، جس کے باعث ٹیم پوائنٹس ٹیبل پر انتہائی خطرناک پوزیشن میں پہنچ گئی ہے۔ اسپورٹنگ ڈائریکٹر پیر من شوئیگلر نے اس فیصلے پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا ''ہمیں امید تھی کہ ہم مل کر صورتحال کو بدل دیں گے، لیکن مجموعی صورتحال کا جائزہ لینے کے بعد ہم اس نتیجے پر پہنچے ہیں کہ ٹیم کو بقا کی جنگ جیتنے کے لیے ایک نئے جوش اور ولولے کی ضرورت ہے۔ دوسری جانب، کلب کے سپروائزری بورڈ نے پیٹر کرسٹیانسن کو بھی عہدے سے ہٹا دیا ہے۔ بورڈ کے چیئرمین ڈاکٹر سیبسٹین روڈولف نے بتایا کہ اگرچہ کرسٹیانسن نے خواتین کی فٹ بال ٹیم کی تنظیم نو میں اہم کردار ادا کیا، لیکن مردوں کی ٹیم کے نتائج مایوس کن رہے۔ کلب کو حالیہ دھچکا ہیمبرگر ایس وی کے خلاف ہوم گراؤنڈ پر 2-1 سے ہونے والی شکست کی صورت میں لگا۔ پوائنٹس ٹیبل: ٹیم اس وقت 20 پوائنٹس کے ساتھ 17ویں نمبر پر ہے۔

## ایف آئی ایچ ہاکی ورلڈ کپ کوالیفائرز: انگلینڈ اور جنوبی کوریا کی فاتحانہ شروعات

حیدرآباد، 8 مارچ (یو این آئی) ایف آئی ایچ ہاکی ورلڈ کپ کوالیفائر 2026 کے پہلے دن انگلینڈ اور جنوبی کوریا کی خواتین ٹیموں نے اپنے اپنے میچ جیت کر ٹورنامنٹ کا شاندار آغاز کر دیا۔ آج یہاں جی ایم سی بالیوگی ہاکی گراؤنڈ (گاچی باؤلی ہاکی کمپلیکس) میں کھیلے گئے مقابلوں میں انگلینڈ نے اٹلی کو یکطرفہ مقابلے کے بعد 2-5 سے شکست دی، جبکہ جنوبی کوریا نے آسٹریا کے خلاف 0-1 سے قریبی کامیابی حاصل کی۔ انگلینڈ کی خواتین ٹیم نے میچ کے آغاز سے ہی جارحانہ کھیل پیش کیا۔ انگلینڈ کی جانب سے گریس بالزڈن نے بہترین فارم کا مظاہرہ کرتے ہوئے دو گول (12ویں اور 32ویں منٹ میں) اسکور کیے۔ ان کے علاوہ: لوٹی بنگھم نے 15ویں منٹ میں گول کیا۔ الیزابتھ نیل نے 16ویں منٹ میں گیند کو جال کی راہ دکھائی۔ اینا ٹومین نے 27ویں منٹ میں پانچواں گول کر کے فتح یقینی بنائی۔ اٹلی کی جانب سے



ایوانا پیسینا (19ویں منٹ) اور فیڈریکا کارٹا نے ایک ایک گول کر کے خسارہ کم کرنے کی کوشش کی، لیکن وہ انگلینڈ کے دفاع کو مزید توڑنے میں ناکام رہیں۔ دن کے دوسرے میچ میں جنوبی کوریا اور آسٹریا کے درمیان کانٹے دار مقابلہ دیکھنے کو ملا۔ دونوں ٹیموں نے بہترین دفاعی کھیل پیش کیا، تاہم 34ویں منٹ میں سیونا کم نے گول کر کے اپنی ٹیم کو فیصلہ کن برتری دلا دی۔ آسٹریا کی ٹیم آخر تک میچ برابر کرنے کی کوشش کرتی رہی مگر جنوبی کوریا کے گول کیپر نے ان کی تمام کوششیں ناکام بنا دیں۔

## میسی کا 899 واں گول

### انٹر میامی کی ڈی سی یونائیٹڈ کے خلاف شاندار جیت

واشنگٹن،8مارچ،(یواین آئی) ارجنٹائن کے اسٹار فٹ بالر لیونل میسی اپنے کیریئر کے ایک اور تاریخی سنگ میل کے بالکل قریب پہنچ گئے ہیں۔ ہفتے کے روز بالٹی مور میں کھیلے گئے میجر لیگ ساکر (ایم ایل ایس) کے میچ میں انٹر میامی نے ڈی سی یونائیٹڈ کو 2-1 سے شکست دے کر سیزن کی دوسری فتح حاصل کر لی۔ اس میچ میں میسی نے اپنا 899 واں کیریئر گول اسکور کیا، جس کے بعد وہ 900 گولز کا جادوئی ہندسہ عبور کرنے سے محض ایک قدم دور رہ گئے ہیں۔ میچ کا آغاز انٹر میامی کے حق میں رہا۔ دفاعی چیمپئن میامی نے 17ویں منٹ میں اس وقت برتری حاصل کی جب میسی کے ہم وطن کھلاڑی روڈریگو ڈی پال نے ڈی ایریا کے باہر سے ایک شاندار کرلنگ شاٹ کے ذریعے گیند کو جال میں پہنچایا۔ صرف 10 منٹ بعد، 27ویں منٹ میں میسی نے میٹیو سلویٹی کے بہترین تھرو بال پر گول کیپر شان جانسن کے اوپر سے گیند کو چِپ کرتے ہوئے ٹیم کی برتری دوگنی کر دی۔ ڈی سی یونائیٹڈ کی جانب سے 75ویں منٹ میں تائی باریبو نے ایک گول کر کے واپسی کی کوشش کی، لیکن میامی نے آخر تک اپنی برتری برقرار رکھی۔ 8 بار بیلین ڈی اور (بیلن ڈی اوور) جیتنے والے میسی، جو رواں سال جون میں 39 برس کے ہو جائیں گے، کے گولز کی تفصیل کچھ یوں ہے



بارسلونا: 672 گول

ارجنٹائن (انٹرنیشنل): 115 گول

انٹر میامی: 80 گول

پیرس سینٹ جرمین (پی ایس جی): 32 گول

## جون راہم کی ہانگ کانگ میں شاندار فتح
## طویل انتظار کے بعد خطاب اپنے نام کر لیا



ہانگ کانگ،8مارچ (یو این آئی) دوبار کے میجر چیمپئن جون راہم نے اتوار کو ہانگ کانگ میں منعقدہ ایل آئی وی گولف ایونٹ کے فائنل راؤنڈ میں 64 کا اسکور کر کے تین شاٹس کی برتری کے ساتھ ٹائٹل جیت لیا۔ جیت کے بعد 31 سالہ ہسپانوی کھلاڑی نے گہرے سکون کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وہ اس کامیابی پر ''انتہائی مطمئن'' محسوس کر رہے ہیں۔ یہ 2024 میں شکاگو ایونٹ کے بعد جون راہم کی پہلی فتح ہے، جس نے سعودی تعاون سے چلنے والے اس سرکٹ پر ان کی مسلسل چار مرتبہ 'رنر اپ' (دوسرے نمبر پر) رہنے کی مایوسی کو ختم کر دیا۔ جون راہم نے مجموعی طور پر 23- انڈر کے ساتھ فائنل لائن عبور کی۔ انہوں نے آخری روز 8 برڈیز کیں، جبکہ صرف دو بوگیز کا سامنا کرنا پڑا۔ بیلجیئم کے تھامس ڈیٹری دوسرے نمبر پر رہے۔ کامیابی کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے راہم نے کہا ''میں بہت راحت محسوس کر رہا ہوں اور خوش ہوں کہ میں نے آخری ہول تک کے سفر کا بھرپور لطف اٹھایا۔ میں نے پورا دن بہت اچھی گولف کھیلی۔ اگرچہ میرا اسکور 6- انڈر رہا، لیکن چند شارٹ پٹس مس ہونے کی وجہ سے یہ مزید بہتر ہو سکتا تھا۔ میں نے پورے ہفتے صبر اور ہر شاٹ پر توجہ برقرار رکھنے کی کوشش کی۔'' ٹورنامنٹ کے رنر اپ رہنے والے تھامس ڈیٹری صرف اس صورت میں ہانگ کانگ پہنچ پائے تھے کیونکہ جون راہم نے مشرقِ وسطیٰ سے انہیں اور دیگر کھلاڑیوں کو لانے کے لیے ایک نجی جیٹ (پرائیویٹ جیٹ) کا انتظام کیا تھا۔

## ایشین کپ: جنوبی کوریا اور آسٹریلیا کا مقابلہ برابر، کوریا گروپ اے میں ٹاپ پر

سڈنی،8 مارچ (یو این آئی) جنوبی کوریا نے اتوار کی رات سڈنی میں کھیلے گئے اے ایف سی ویمنز ایشین کپ 2026 کے ایک ہائی اسکورنگ میچ میں میزبان آسٹریلیا کے خلاف 3-3 سے ڈرا کھیل کر گروپ اے میں پہلی پوزیشن حاصل کر لی۔ میچ کا آغاز جنوبی کوریا کے حق میں رہا جب مون ایون جو نے 13ویں منٹ میں گول کر کے اپنی ٹیم کو برتری دلائی۔ تاہم، آسٹریلیا نے پہلے ہاف کے اختتام سے قبل شاندار واپسی کی؛ ایلانا کینیڈی نے 32ویں منٹ میں برابری کا گول کیا، جبکہ اسٹار کھلاڑی سام کیر نے پہلے ہاف کے انجری ٹائم (645 منٹ) میں گول کر کے آسٹریلیا کو 1-2 کی برتری دلا دی۔ دوسرے ہاف کے ابتدائی 11 منٹ میچ کا رخ بدلنے میں فیصلہ کن ثابت ہوئے۔ جنوبی کوریا نے جارحانہ کھیل پیش کیا اور کم شن جی نے 53ویں منٹ میں پنالٹی پر گول کر کے اسکور برابر کر دیا۔ اس کے کچھ ہی دیر بعد کانگ چائی رم کے ایک بہترین شاٹ نے کوریا کو دوبارہ 2-3 کی برتری دلا دی۔ آسٹریلیا کو گروپ میں پہلی پوزیشن حاصل کرنے کے لیے ہر صورت جیت کی ضرورت تھی کیونکہ جنوبی کوریا کو 'گول ڈفرنس' کی بنیاد پر برتری حاصل تھی۔ آسٹریلیا کی ایلانا کینیڈی نے دوسرے ہاف کے آٹھویں منٹ کے انجری ٹائم (890) میں اپنا دوسرا گول کر کے میچ تو برابر کر دیا، لیکن یہ جیت کے لیے ناکافی تھا۔ گروپ اے کا فاتح ہونے کے ناطے جنوبی کوریا اب پورے ٹورنامنٹ کے دوران سڈنی میں ہی رہے گا اور ہفتہ کو ہونے والے کوارٹر فائنل میں تیسرے نمبر پر آنے والی بہترین ٹیموں میں سے ایک کا سامنا کرے گا۔ میزبان آسٹریلیا کو اب اپنے کوارٹر فائنل کے لیے سڈنی سے 3,000 کلومیٹر دور پرتھ کا سفر کرنا پڑے گا، جہاں ان کا میچ جمعہ کو شیڈول ہے۔ اتوار کی رات کھیلے گئے گروپ اے کے دوسرے میچ میں فلپائن نے ایران کو 2-0 سے شکست دے کر ٹورنامنٹ میں اپنی پہلی کامیابی حاصل کی۔



## ویسٹ انڈیز اور جنوبی افریقہ کی ٹیمیں منگل کی صبح ہندوستان سے روانہ ہوں گی

کولکتہ،08 مارچ (یو این آئی) ہندوستان میں پھنسی ویسٹ انڈیز اور جنوبی افریقہ کی کرکٹ ٹیمیں بالآخر منگل کی صبح چارٹر طیارے کے ذریعے جوہانسبرگ کے لیے اڑان بھریں گی، جہاں سے ویسٹ انڈین دستہ انٹیگوا کے لیے روانہ ہوگا۔ دونوں ٹیموں کی اتوار کو روانگی متوقع تھی، تاہم آج دوپہر انہیں نئی تاریخ کی تصدیق کر دی گئی۔ جنوبی افریقی ٹیم کے تین اہم ارکان کیشو مہاراج، جارج لنڈے اور جیسن سمتھ ٹیم مینجمنٹ کے ساتھ آج ہی نیوزی لینڈ کے لیے روانہ ہو جائیں گے، جہاں 15 مارچ سے پانچ ٹی 20 میچوں کی سیریز شیڈول ہے۔ مغربی ایشیا میں جنگی صورتحال کے باعث فضائی حدود کی بندش یا محدود رسائی کی وجہ سے دونوں ٹیموں کے کھلاڑیوں میں شدید بے چینی پائی جاتی ہے۔ ویسٹ انڈیز کی ٹیم یکم مارچ کو ہندوستان سے شکست کے بعد سے کولکتہ میں محصور ہے۔ جنوبی افریقہ 4 مارچ کو نیوزی لینڈ کے ہاتھوں سیمی فائنل میں شکست کے بعد سے وطن واپسی کی منتظر ہے۔ ویسٹ انڈیز کے کوچ ڈیرن سیمی سوشل میڈیا پلیٹ فارم 'ایکس' پر اپنی مایوسی کا اظہار کر رہے ہیں، جبکہ کوئنٹن ڈی کاک اور ڈیوڈ ملر سمیت کئی جنوبی افریقی کھلاڑیوں نے انسٹاگرام پر اس صورتحال پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ قبل ازیں جمعرات کو چارٹر طیارے کے انتظامات کی خبریں سامنے آئی تھیں جو کہ مکمل نہ ہو سکیں۔ کرکٹ ویسٹ انڈیز کے مطابق، آئی سی سی حکام اور پلیئرز نمائندگان کے درمیان ''ہائی لیول کال'' کے بعد اب منگل کی روانگی کو حتمی شکل دی گئی ہے۔



# ٹی 20 ورلڈ کپ پر ہندوستان کی حکمرانی، تیسری بار چیمپئن

احمد آباد، 8 مارچ (یو این آئی) سنجو سیمسن (89)، ایشان کشن (54) اور ابھیشیک شرما (52) کی دھواں دھار بیٹنگ کے بعد جسپریت بمراہ (4 وکٹیں) اور اکشر پٹیل (3 وکٹیں) کی تباہ کن بولنگ کی بدولت ہندوستان نے اتوار کو فائنل میں نیوزی لینڈ کو 96 رنز سے ہرا کر تیسری بار ٹی 20 ورلڈ کپ کا تاج اپنے سر سجالیا ہے۔ ہندوستان اب دنیا کی پہلی ٹیم بن گئی ہے جس نے لگاتار دو بار یہ اعزاز حاصل کیا ہے۔ 256 رنز کے پہاڑ جیسے ہدف کے تعاقب میں نیوزی لینڈ کی ٹیم شروع سے ہی دباؤ کا شکار رہی اور پوری ٹیم 159 رنز پر ڈھیر ہو گئی۔ سنجو سیمسن 'پلیئر آف دی ٹورنامنٹ' اور جسپریت بمراہ 'پلیئر آف دی میچ' قرار پائے۔ اکشر پٹیل نے تیسرے اوور میں فن ایلن (9) کو آؤٹ کر کے پہلی کامیابی دلائی۔ اگلے ہی اوور میں جسپریت بمراہ نے رچن رویندر (1) کو پویلین بھیج دیا۔ اکشر پٹیل نے گلین فلپس (5) کو بولڈ کیا، جبکہ ہاردک پانڈیا نے مارک چیپمین (3) کی وکٹ لی۔ کیوی اوپنر ٹم سائفرٹ نے 26 گیندوں پر 52 رنز (2 چوکے 5 چھکے) بنا کر کچھ مزاحمت کی، لیکن ورون چکرورتی نے انہیں آؤٹ کر کے نیوزی لینڈ کی آخری امید بھی ختم کر دی۔ جسپریت بمراہ نے 4 وکٹیں حاصل کیں اور اس کے ساتھ ہی وہ ٹی 20 ورلڈ کپ کی تاریخ میں سب سے زیادہ 40 وکٹیں لینے والے بولر بن گئے ہیں۔ اس سے قبل، ٹاس ہار کر پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے ہندوستان نے مقررہ 20 اوورز میں 5/255 کا ریکارڈ اسکور بنایا۔ ابھیشیک شرما (52 رنز، 21 گیندیں) اور سنجو سیمسن نے صرف 7.1 اوورز میں 98 رنز کی شراکت قائم کی۔ سیمسن نے 46 گیندوں پر 89 رنز (5 چوکے 8 چھکے) کی اننگز کھیلی۔ ایشان کشن نے 25 گیندوں پر 54 رنز بنا کر اسکور بورڈ کو متحرک رکھا۔ آخری اوورز میں شیوم دوبے نے جیمی نیشم کے ایک ہی اوور میں 24 رنز سمیٹ کر ٹیم کا اسکور 250 کے پار پہنچا دیا۔ انہوں نے 8 گیندوں پر 28 رنز بنائے۔ ایک وقت پر ایسا محسوس ہو رہا تھا کہ ہندوستان بلے باز آج 300 رنز کا جادوئی ہندسہ عبور کرلیں گے، جو ٹی 20 کرکٹ میں ایک غیر معمولی کارنامہ ہوتا۔ 16 ویں اوور میں جیمی نیشم نے نقشہ بدل دیا۔ انہوں نے ایک ہی اوور میں 3 وکٹیں حاصل کر کے ہندوستان کی رنز بنانے کی رفتار کو بریک لگادی۔ آخری اوورز میں جب ایسا لگ رہا تھا کہ مومینٹم ختم ہو گیا ہے، شیوم دوبے نے اپنی طاقتور ہٹنگ سے ٹیم کو سنبھالا اور ڈیتھ اوورز میں رنز کی برسات کر کے اسکور کو ایک بار پھر بلندیوں تک پہنچا دیا۔ ابھیشیک نے محض 18 گیندوں پر نصف سنچری مکمل کی، جو ٹی 20 ورلڈ کپ کے کسی بھی ناک آؤٹ میچ (سیمی فائنل یا فائنل) میں تیز ترین ففٹی ہے۔ انہوں نے 21 گیندوں پر 52 رنز بنائے۔ سنجو سیمسن نے 89 رنز کی شاندار اننگز کھیلی۔ وہ شاہد آفریدی (2009) اور ویراٹ کوہلی (2014) کے بعد دنیا کے تیسرے کھلاڑی بن گئے ہیں جنہوں نے ایک ہی ورلڈ کپ کے سیمی فائنل اور فائنل دونوں میں نصف سنچریاں اسکور کیں۔ ہندوستان نے پہلے 6 اوورز میں بغیر کسی نقصان کے 92 رنز بنائے، جو فائنل جیسے بڑے میچ میں ایک ریکارڈ ہے۔ ایشان کشن نے بھی بہتی گنگا میں ہاتھ دھوئے اور صرف 23 گیندوں پر 54 رنز کی جارحانہ اننگز کھیلی۔ جیمی نیشم نے 16 ویں اوور میں سیمسن، ایشان کشن اور کپتان سوریا کمار یادو (صفر) کو آؤٹ کر کے ہیٹ ٹرک کے قریب پہنچ گئے تھے، لیکن شیوم دوبے (26 ناٹ آؤٹ) نے آخری اوورز میں ہندوستان کو 250 کے پار پہنچا دیا۔ کچھ حیران کن ریکارڈز: ہندوستان عالمی کرکٹ کی پہلی ٹیم بن گئی ہے جس نے لگاتار دو ٹی 20 میچوں میں 250 سے زائد رنز بنائے۔ ہندوستان نے اپنے ہی پچھلے ریکارڈ (176 رنز) کو توڑ کر ٹی 20 ورلڈ کپ فائنل کا سب سے بڑا اسکور (255) بنایا۔ ہندوستان ویسٹ انڈیز اور انگلینڈ کو پیچھے چھوڑتے ہوئے تین خطاب جیتنے والی واحد ٹیم بن گئی ہے۔

**Narendra Modi** @narendramodi

چیمپئنز! آئی سی سی مردوں کے ٹی 20 ورلڈ کپ جیتنے پر بھارتی ٹیم کو مبارکباد! یہ شاندار کامیابی غیر معمولی مہارت، عزم اور ٹیم ورک کی عکاسی کرتی ہے۔ ٹیم نے ٹورنامنٹ بھر میں بہترین جرات دکھائی۔ اس فتح نے ہر بھارتی دل کو فخر اور خوشی سے بھر دیا ہے۔ اچھا کیا، ٹیم انڈیا!

**Amit Shah** @AmitShah

کیا فتح ہے...!! ورلڈ چیمپئن #TeamIndia کو خراج تحسین۔ ٹورنامنٹ بھر میں آپ کی غیر معمولی کارکردگی اور دلیری نے قوم کو فخر اور عزت بخشی ہے۔ پوری ٹیم کو مبارکباد کہ ہر بھارتی کو فخر محسوس ہوا۔ #T20WorldCup #INDvNZ (4 تصاویر منسلک)

**Office of LG J&K** @OfficeOfLGJandK

ایک واقعی شاندار فتح
آئی سی سی مینز ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ 2026 جیتنے پر ٹیم انڈیا کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد
مین اِن بلیو نے جس عزم مہارت اور غیر معمولی کھیل کا مظاہرہ کیا اس نے ہر ہندوستانی کے دل کو فخر سے بھر دیا ہمیں اپنے چیمپئنز پر فخر ہے۔

**Office of Chief Minister, J&K** @CM_JnK

"چیف منسٹر نے احمد آباد میں ICC T20 ورلڈ کپ فائنل میں نیوزی لینڈ پر ٹیم انڈیا کی فتح پر مبارکباد دی ہے۔ ٹیم کی شاندار کارکردگی کرکٹ کی دنیا میں بھارت کی عظیم میراث کو مزید مضبوط کرے گی اور ملک بھر کے لاکھوں کرکٹ شائقین کو مزید متاثر کرے گی۔"

**Virat Kohli** @imVkohli

چیمپئنز۔ احمد آباد میں ٹیم انڈیا کی شاندار فتح۔ پورے ٹورنامنٹ میں ہماری جارحانہ کرکٹ کا کوئی مقابلہ نہیں تھا۔ مشکل حالات میں بھی لڑنے کے جذبے نے ہمیں دوبارہ عالمی چیمپئن بنا دیا۔ تمام کھلاڑیوں اور کوچنگ اسٹاف کو مبارکباد۔ جے ہند۔

**Sachin Tendulkar** @sachin_rt

مسلسل دو بار ورلڈ کپ جیتنا ایک تاریخی کارنامہ ہے۔
ٹیم انڈیا واقعی اس ٹرافی کی حقدار تھی۔
ہماری ٹیم نے شاندار کرکٹ کھیلی۔
بہت خوب ٹیم انڈیا۔
جے ہند۔




## کھیلوں میں خواتین کی بڑھتی شرکت اولمپکس میں اضافے کا سبب بنے گی: رکشا کھڑسے




اورنگ آباد، 8 مارچ (یو این آئی) مرکزی وزیر مملکت برائے امور نوجوانان اور کھیل رکشا کھڑسے نے اتوار کو کہا کہ اگر کھیلوں میں خواتین کی شرکت میں خاطر خواہ اضافہ ہوتا ہے تو اولمپک گیمز اور دیگر عالمی مقابلوں میں ہندوستان کے تمغوں کی تعداد میں نمایاں بہتری آسکتی ہے۔ بین الاقوامی یومِ خواتین کے موقع پر ڈویژنل اسپورٹس کمپلیکس میں 'اسمیتا' پروگرام کے تحت ملک بھر کے 250 مقامات پر ایتھلیٹکس لیگ کا افتتاح کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یہ پروگرام نچلی سطح سے ٹیلنٹ کو تلاش کرنے میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ رکشا کھڑسے نے اپنے خطاب میں کہا "خواتین کے حقوق، وقار اور مساوی مواقع محض سماجی ضرورت نہیں بلکہ قوم سازی کی بنیاد ہیں۔ جب ہم خواتین کو مواقع فراہم کرتے ہیں تو پورا معاشرہ بااختیار بنتا ہے۔" انہوں نے مزید کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کے وژن کے تحت 2021 میں شروع کی گئی 'اسمیتا' اسکیم دیہی، قبائلی اور اسکولی سطح سے ٹیلنٹ کو ابھارنے میں مدد دے رہی ہے، جس سے عالمی سطح پر بھارت کی جیت کے امکانات بڑھیں گے۔ مرکزی وزیر نے 'اسمیتا' بینر کے زیر اہتمام یوگا، ووشو، کک باکسنگ اور ویٹ لفٹنگ لیگز کا افتتاح کیا ساتھ ہی سائیکل تھون اور واک تھون کا جھنڈا دکھا کر آغاز کیا گیا، جس کا اہتمام اسپورٹس اتھارٹی آف انڈیا اور 'مائی بھارت' کے تعاون سے کیا گیا تھا۔ ملک بھر میں 100 میٹر، 200 میٹر اور 400 میٹر کی دوڑ کے مقابلے منعقد ہوئے، جن میں انڈر 13-، 13 سے 18 سال اور 18 سال سے زائد عمر کی لڑکیوں نے حصہ لیا۔ حکام کے مطابق، اسمیتا لیگ اب تک 33 کھیلوں کے مقابلوں میں تقریباً 3 لاکھ خواتین کی شرکت ریکارڈ کر چکی ہے۔ صرف 2025-26 کے سیزن میں اب تک 1.59 لاکھ خواتین 1,287 لیگز میں حصہ لے چکی ہیں۔

## فٹ انڈیا کارنیول: ملند سومن، راگنی دویدی اور کھیلوں کے ستاروں نے بڑھایا جوش



نئی دہلی، 8 مارچ (یو این آئی) بین الاقوامی یومِ خواتین کے موقع پر اتوار کو جواہر لعل نہرو اسٹیڈیم میں منعقدہ فٹ انڈیا کارنیول میں اداکار اور فٹنس آئیکون ملند سومن، اداکارہ راگنی دویدی، پیرا ایتھلیٹ سمرن شرما اور ہیپٹاتھلون چیمپئن نندنی اگاسرا سمیت متعدد کھلاڑیوں، سیلیبریٹیز اور شہریوں نے حصہ لیا۔ مرکزی وزیر مملکت برائے ہاؤسنگ و شہری امور توکھن ساہو نے کارنیول کا افتتاح کرتے ہوئے کہا کہ فٹ انڈیا مہم کا مقصد فٹنس کو ہر شہری کی روزمرہ عادت بنانا ہے۔ اس طرح کی پہل کمیونٹی کو متحد کرتی ہے اور نوجوانوں کو صحت مند زندگی جینے کے لیے متحرک کرتی ہے۔ شطرنج کی مشہور کھلاڑی تانیا سچدیو کو ہندوستانی کھیلوں میں ان کی خدمات پر اعزاز سے نوازا گیا۔ فٹنس آئیکون ملند سومن اور انکیتا کنور کو 'فٹ انڈیا چیمپئن' کے طور پر اعزازی شیلڈ دی گئی۔ اداکار ابھیشیک بجاج اور راگنی دویدی کو بھی صحت مند طرزِ زندگی کو فروغ دینے پر تسلیم کیا گیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ملند سومن نے کہا "فٹنس کے لیے پیچیدہ مشینوں یا جم کی ضرورت نہیں ہے۔ اگر آپ روزانہ صرف آدھا گھنٹہ بھی جسمانی سرگرمی کو دیتے ہیں، تو آپ اپنی صحت اور زندگی بدل سکتے ہیں۔" اس موقع پر اسپورٹس سکریٹری ہری رنجن راؤ نے بھی عوام سے صحت مند طرزِ زندگی اپنانے کی اپیل کی۔

## یماکان کا جادو: آخری لمحات کے گول نے النصر کو ٹاپ پر پہنچادیا



ریاض، 8 مارچ (یواین آئی) کرسٹیانو رونالڈو کی انجری کے باعث عدم دستیابی کے باوجود النصر نے سعودی پرو لیگ میں اپنی فتوحات کا سلسلہ برقرار رکھا۔ ہفتے کی رات کھیلے گئے ایک سنسنی خیز مقابلے میں محمد سیماکان کے 95 ویں منٹ میں کیے گئے گول کی بدولت النصر نے نیوم ایس سی کو 1-0 سے شکست دے کر پوائنٹس ٹیبل پر پہلی پوزیشن دوبارہ حاصل کرلی۔ الاول پارک اسٹیڈیم میں کھیلے گئے اس میچ میں ایسا لگ رہا تھا کہ مقابلہ بغیر کسی گول کے برابر ختم ہوجائے گا، لیکن انجری ٹائم کے پانچویں منٹ میں فرانسیسی ڈیفنڈر محمد سیماکان نے جو آؤ فیلکس کے بہترین پاس پر ہیڈر کے ذریعے گیند کو جال میں پہنچا کر اپنی ٹیم کو قیمتی تین پوائنٹس دلا دیے۔ اس فتح کے بعد اسٹیفانو پیولی کی ٹیم 64 پوائنٹس کے ساتھ پہلے نمبر پر آگئی ہے، جو دوسرے نمبر پر موجود الاہلی سے 2 پوائنٹس آگے ہے۔ لیگ میں اب صرف 9 راؤنڈز باقی ہیں، جس سے ٹائٹل کی دوڑ مزید شدت اختیار کر گئی ہے۔ الاہلی: 'سی ڈربی' میں الاتحاد کو 3-1 سے ہرا کر عارضی طور پر ٹاپ پر آئی تھی۔ دفاعی چیمپئن الہلال نے النجما کو 4-0 سے شکست دے کر اپنی ناقابلِ شکست مہم جاری رکھی، جس میں کریم بنزیما نے دو گول اسکور کیے۔ ٹیم کے کپتان اور اسٹار اسٹرائیکر کرسٹیانو رونالڈو ہیمسٹرنگ انجری کی وجہ سے اس میچ کا حصہ نہیں تھے۔ ان کی غیر موجودگی میں النصر کو نیوم ایس سی کے مضبوط دفاع کو توڑنے میں کافی دشواری کا سامنا کرنا پڑا، لیکن آخر کار جو آؤ فیلکس کی مہارت اور سیماکان کی ٹائمنگ نے میچ کا نقشہ بدل دیا۔

## سعودی عرب: رمضان فلیگ فٹ بال ٹورنامنٹ اختتام پذیر، خواتین کی پہلی بار تاریخی شرکت



جدہ، 8 مارچ (یواین آئی) جدہ یونائیٹڈ فیلڈز پر منعقد ہونے والا دوسرا سالانہ رمضان فلیگ فٹ بال ٹورنامنٹ اپنے تمام تر جوش و خروش کے ساتھ اختتام پذیر ہو گیا۔ اس دو روزہ ایونٹ نے نہ صرف بہترین کھیلوں کا مظاہرہ کیا بلکہ سعودی عرب میں اس کھیل کے بڑھتے ہوئے جنون کو بھی اجاگر کیا۔ اس سال کے ٹورنامنٹ کی سب سے خاص بات سعودی کی تاریخ میں پہلی بار خواتین کا فلیگ فٹ بال میچ تھا، جس نے شائقین اور منتظمین کی بھرپور توجہ حاصل کی۔ سعودی فلیگ فٹ بال کمیٹی کے سربراہ علی توفیق نے کہا "ہمارا خواب ہے کہ فلیگ فٹ بال کو ملک میں باقاعدہ تسلیم کیا جائے اور ہم ایک ایسی سعودی قومی ٹیم تشکیل دیں جو 2028 کے لاس اینجلس اولمپکس میں ملک کی نمائندگی کر سکے۔" انہوں نے مزید بتایا کہ اس وقت سعودی عرب میں تقریباً 10 ٹیمیں سرگرم ہیں (6 جدہ میں اور 4 ریاض میں) اور کمیٹی وزارتِ کھیل کے ساتھ مل کر ایک باقاعدہ فیڈریشن قائم کرنے کے لیے بات چیت کر رہی ہے۔

مقامی سپورٹس کی خبریں شائع کرنے کے لئے رابطہ کریں

شہر و گام میں ہورہے تمام لوکل سپورٹس کو فروغ اور کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کے لئے اخبار "سرینگر ٹائمز" کھیل کے تئیں دلچسپی رکھنے والوں کے لئے سپورٹس صفحہ پر ایک مخصوص کالم فراہم کررکھا ہے۔ جس میں آپ اپنے علاقے کی کھیل کی سرگرمیاں تصویر کے ساتھ اخبار میں شائع کرنے کے لئے ہمارے ای میل ایڈریس یا پھر تحریری طور کھیل کی مکمل تفصیلات ایڈیٹر ساحل یوسف صوفی کے نام دفتر سرینگر ٹائمز بڈشاہ چوک سرینگر ارسال کرسکتے ہیں

نوٹ: (۱) جس کے لئے آپ کو معاوضہ دینے کی ضرورت نہیں جو کہ ادارہ کی طرف سے وادی کے کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کے لئے مفت شائع ہوتا ہے
(۲) سپورٹس ٹائمز کے صفحہ پر شائع ہونے والی مقامی خبروں کے علاقہ مقامی ٹورنامنٹس کی خبریں جو شائع ہوتی ہے یہ تمام اشتہارات ادارہ وادی کے کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی اور نیک نیتی کے ساتھ شائع کرتا ہے ادارہ کسی غلط نتیجہ کا ذمہ دار نہیں۔ کھلاڑی ٹورنامنٹس میں حصہ لینے سے قبل اپنی طرف سے ان کو جانچ لیا کریے۔ (ادارہ)

مکمل پتہ: ایڈیٹر ساحل یوسف صوفی
دفتر سرینگر ٹائمز بڈشاہ چوک سرینگر۔190001

email: saahil.srinagartimes@gmail.com
مزید جانکاری کے لئے اس فون نمبر پر رابطہ قائم کرسکتے ہیں 0194-2456781

Printed and Published by: **SAHIL YOUSUF**, On behalf of M/S Times Press, Chief Editor: **BASHIR AHMAD BASHIR**, Executive Editor, **S.M. YOUSUF**, Editor: **SHADAB BASHIR**, Managing Advertising: **SEEMAAB BASHIR**, Printed at: Times Press, Sheikh Bagh, Janglat Gali Lal Chowk Sgr Published from: 2nd Floor Shivnawas Building Opposite Budshah Bridge, Lal Chowk, Srinagar J&K-190001, R.N.I: 17647/69. Ph: 0194-2456781
E-mail: srinagartimes@gmail.com, Fax: 0194-2456781